**CONFIDENTIAL**

**Not to be released for publication in the press before presentation to the Assembly**

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## REPORT OF THE COMMITTEE ON PRIVILEGES REGARDING PRIVILEGE MOTION NO. 07 OF 2020 MOVED BY MR UMER TANVEER, MPA (PP-15)

Privilege Motion No. 07 of 2020 moved by Mr Umer Tanveer, MPA (PP-15) (Annexed) was referred to the Committee on Privileges on 29 January 2020. The Committee considered the Privilege Motion in its meeting held on 09 July 2020.

**2.** The following were present:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr Ali Akhtar, MPA (PP-99) | Chairman |
| 2. | Mr Muhammad Arshad Chaudhary, MPA (PP-34) | Member |
| 3. | Mr Khayal Ahmad, MPA (PP-110) | Member |
| 4. | Mian Muhammad Farrukh Mumtaz Maneka, MPA(PP-191) | Member |
| 5. | Choudhary Ashraf Ali, MPA (PP-57) | Member |
| 6. | Mr Sami Ullah Khan, MPA (PP-144) | Member |
| 7. | Mr Rais Nabeel Ahmad, MPA (PP-265) | Member |
| 8. | Mr Umer Tanveer, MPA (PP-15) | *Mover* |

**3.** Ms Maleeha Rashid, Additional Secretary (Police), Home Department, Mr Saif ul Murtaza, SSP/AIG (HRC), office of the Provincial Police Officer, Punjab and Mr Namdar Subhani, SO (Legis), Law & Parliamentary Affairs Department attended the meeting as Expert Advisors. Rai Muhammad Saleem, Deputy Secretary, Provincial Assembly of the Punjab functioned as Secretary to the Committee.

**4.** Mr Umer Tanveer, MPA/Mover informed the Committee that the issue mentioned in the Privilege Motion had been resolved, therefore, he did not want to press his Privilege Motion.

**5.** The Committee, therefore, decided to recommend the Assembly that the subject Privilege Motion may be treated as disposed of being not pressed by the Mover.

*Lahore*
*09 July 2020*

**ALI AKHTAR**
*Chairman*
*Committee on Privileges*

---

22/7/2020

*Lahore*
*09 July 2020*

**(MUHAMMAD KHAN BHATTI)**
*Secretary*

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## تحریک استحقاق نمبر 7 بابت 2020

**جناب عمر تنویر:** میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ میں نے مورخہ یکم جنوری 2020 کو CPO راولپنڈی جناب احسن یونس کو message کیا کہ میرے حلقہ میں ڈکیتیاں ہو رہی ہیں، آپ ان کے تدارک کے لئے انتظامات کریں چونکہ اب عوام سخت پریشان ہے اور احتجاج کرنے کے لئے تیار ہے۔ اگر انہوں نے احتجاج کیا تو پھر امن وامان کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔ میرے اس message پر موصوف نے کوئی response نہیں دیا پھر میں نے یکے بعد دیگرے مورخہ 12 جنوری، 13 اور 14 جنوری 2020 کو بھی message کئے اور انہیں calls بھی کیں لیکن موصوف CPO کی طرف سے نہ کوئی response آیا اور نہ ہی ڈکیتیوں کی روک تھام کے لئے کوئی قدم اٹھایا۔ میں نے اپنے حلقے کے عوام کی نمائندگی کا حق ادا کرنے کے لئے مورخہ 21 جنوری 2020 کو بھی message اور Call پر CPO سے رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن سب بے سود۔ مورخہ 26 جنوری 2020 کو پارلیمانی میٹنگ میں، میں نے جناب وزیراعظم پاکستان، جناب وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کی موجودگی میں CPO راولپنڈی کے اس conduct پر بات کرتے ہوئے ساری تفصیل سے آگاہ کیا۔ اسی رات CPO راولپنڈی نے میرے حلقہ PP-15 تھانہ نصیر آباد راولپنڈی میں میرے 15 سپورٹرز کے خلاف جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کروایا، انہیں گرفتار کر کے ان پر بے پناہ تشدد کروایا اور ان پر پولیس کی رائفل اور میٹرولا وائرلیس سیٹ چوری کا الزام لگا کر انہیں چالان کروا دیا۔ مزید بر آں اس جھوٹے اور بے بنیاد پرچے میں پندرہ افراد نامعلوم بھی رکھے ہیں۔ پھر CPO صاحب کا غصہ یہاں تک ٹھنڈا نہیں ہوا اور انہوں نے اخبارات میں بھی میرے خلاف خبریں چھپوائیں۔ بطور ایم پی اے حلقے کی عوام کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچانا میرے فرائض میں شامل ہے اور متعلقہ ادارے اور خاص طور پر پولیس ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان ومال کا تحفظ کریں۔ جب میری بات CPO راولپنڈی نے نہ سنی تو میں نے وزیراعظم پاکستان کی موجودگی میں پارلیمانی پارٹی میں اپنی عوام کے دکھ بیان کئے تو موصوف پولیس آفیسر غصے میں آ گئے اور انہوں نے ذاتی انا کا مسئلہ بنا کر مجھ سے بدلہ لینے کی ٹھانی اور اس پر عمل درآمد بھی کر رہے ہیں۔ CPO نے جو قدم اٹھایا ہے اس سے اس نے مجھے میرے حلقے کی عوام کا حق نمائندگی ادا کرنے سے روکا ہے جس کا وہ قطعاً مجاز نہیں۔ اس نے یہ قدم اٹھا کر میرا استحقاق مجروح کیا ہے۔ لہٰذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

لاہور

27 جنوری 2020

29 جنوری 2020

محمد خان بھٹی

سیکرٹری

Asif